© rasailojaraid.com





مطالعہ کی میز پر

# تبصرہ کتب

محمد رمضان یوسف سلفی

نام کتاب: فلسفہ قربانی ومسائل عیدالاضحیٰ

مصنف: مولانا عبدالعزیز راشد صاحب

صفحات: 48

قیمت: 30روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: ادارہ منہاج السنۃ المحمدیہ 535/3 نثار کالونی فیصل آباد۔

مولانا عبدالعزیز راشد صاحب جماعت اہل حدیث کے معروف خطیب اور واعظ ہیں۔ ان کا شمار مرکزی جمعیت اہل حدیث کے اکابر علماء میں ہوتا ہے اور آپ اس وقت مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب کے نائب امیر ہیں۔ مولانا راشد صاحب اپنے دلپذیر خطاب اور وعظ کی اثر آفرینی کے باعث شہری اور دیہی علاقوں میں یکساں اور بے پناہ مقبولیت رکھتے ہیں۔ تقریر کے ساتھ ساتھ تحریر و نگارش کا ذوق بھی عمدہ ہے۔

پیشِ نگاہ رسالہ ''فلسفہ قربانی'' ان کی معروف تصنیف ہے۔ اس میں مولانا محترم نے فلسفہ قربانی کے ضمن میں اختصار کے ساتھ واقعہ ابراہیم علیہ السلام کو بیان کیا ہے اور تفصیل کے ساتھ عیدالاضحیٰ کے مسائل و احکام تحریر کیے ہیں۔ یہ کتاب پہلے بھی کئی بار شائع ہو چکی ہے۔ اب اسے کمپیوٹرائزڈ کمپوزنگ کے ساتھ پہلی بار شائع کیا گیا ہے۔ کتاب میں شامل احادیث کی مکمل تخریج کر دی گئی ہے اور قرآنی آیات کے نمبر وغیرہ دے دیئے گئے ہیں۔ قارئین اس کتاب کے مطالعہ سے قربانی اور اس کے متعلقہ مسائل کو اچھی طرح سمجھ سکتے ہیں۔



© rasailojaraid.com